16/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

سہ روزہ سہکار میلہ کا افتتاح

لکھنؤ: ۱۶/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اتر پردیش حکومت نے ایک ضلع ایک اشیاء اسکیم کے تحت روایتی دستکاری اور ہنر کو پوری دنیا میں پہنچانے کا کام کیا جا رہا ہے۔اسکیم کے تحت حکومت نے ہر ضلع کے دستکار اور ان سے وابستہ دستکاروں کو تربیت فراہم کراکر، قرض تقسیم کر اور عالمی بازار مہیا کروا کر انکی حوصلہ افزائی کا کام کیا ہے۔روایتی کاروبار کی تجدید کاری کر مضبوطی اور استحکام فراہم کراکر وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں ریاستی حکومت نے کاریگروں اور صنعتکاروں کو خود کا کاروبار شروع کرنے لائق بنایا۔ان خیالات کا اظہار ایم ایس ایم ای، کھادی اور دیہی صنعت نیز محکمۂ اطلاعات کے ایڈیشنل چیف سکریٹری ڈاکٹر نونیت سہگل نے کیا۔وہ لکھنؤ میں گورنمنٹ پالی ٹیکنک کیمپ میں 17، 18اور 19 دسمبر 2021 کو سہکار بھارتی کے 7ویں قومی اجلاس کے آغاز سے قبل جمعرات کو سہ روزہ سہکار میلہ کے افتتاحی موقع پر خطاب کر رہے تھے۔

ایڈیشنل چیف سکریٹری نے مزید بتایا کہ آج اتر پردیش ملک کی دوسری سب سے بڑی اقتصادی نظام والی ریاست بن گئی ہے۔اِز آف ڈوئینگ بجنس میں بھی اتر پردیش نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے سرمایہ کاروں کیلئے دوسرا سب سے پسندیدہ ڈیسٹی نیشن بن گیا ہے۔اتر پردیش آج ون ٹریلین اکونامی والی ریاست بننے کی جانب گامزن ہے۔سہکار بھارتی کے سبھی عہدے داران اور کارکنان کو 7ویں قومی اجلاس کی مبارکباد۔

اس موقع پر قومی امداد باہمی ترقیات کارپوریشن (National Cooperative Development Corporation) نئی دہلی کے ڈائرکٹر سندیپ کمار نائک نے کہا کہ سہکار میلہ کا انعقاد دستکاروں کیلئے بہترین موقع ہوتا ہے۔اس کے توسط سے ان کا ہنر عوامی طور پر کثیر قومی کمپنیوں کا سامنا کرتے ہوئے وقار حاصل کرتا ہے۔سہکار بھارتی کے مارکیٹنگ سیل نیشنل چیف اینڈ مینیجنگ ڈائرکٹر سنپلی دیسی مدھوشالا سو بو نے ملک میں مسلسل ایسے سہکار میلوں کا انعقادات ہوتے رہنا چاہیئے۔اس کیلئے ادارہ، حکومت اور سماج کے دیگر اداروں کو اس بابت مثبت پہل کرتے رہنا چاہیئے۔

☆☆☆☆☆